# آپ کے بچے کے اسکول کے بارے میں پوچھنے کے لیے سوالات

## اس ملک میں نئے ہیں یا انگریزی کے علاوہ دوسری زبان بولتے ہیں؟

خوش آمدید! چاہے آپ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز (ایک اسکول تلاش کرنے کے لیے) پر ہوں یا آپ اپنے بچے کے نئے اسکول (اندراج کرانے کے لیے) گئے ہوں، **یہ سوالات کریں تاکہ معلوم ہو سکے کہ کیا کوئی مخصوص اسکول آپکے بچے کے لیے اچھا جوڑ ہو سکتا ہے۔**

### آغاز کرنے کے لیے

- اپنی زبان میں مدد حاصل کریں: "برائے مہربانی کیا مجھے ایک مترجم مل سکتا ہے؟ میں اردو زبان بولتا ہوں۔"
- اگر آپ کو ایک اسکول تلاش کرنے میں مدد کی ضرورت ہے:
  - "میں اپنے بچے کے لیے ایک اسکول تلاش کر رہا ہوں، جو (عمر) سال کا ہے۔"
  - "مجھے ابھی اپنے بچے کے لیے ایک اسکول درکار ہے — میں کس طرح اندراج کرواؤں؟" **یا** "میرا بچہ 3-K، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن، مڈل اسکول (گریڈ 6)، یا ہائی اسکول (گریڈ 9) میں اس یا اگلے موسمِ خزاں میں جانے والا ہے— میں کس طرح درخواست دوں؟"

### لسانی معاونتیں

- اس ملک میں نئے آنے والے طلبا جو انگریزی سیکھ رہے ہیں انہیں کونسی خدمات کی پیشکش کی جاتی ہیں؟
- کیا یہ اسکول طلبا کے لیے مسلسل انکی گھریلو زبان سیکھنے کے لیے پروگراموں کی پیشکش کرتا ہے، جیسے دوہری زبان (دولسانی) پروگرامز؟ کیا اس اسکول کے دیگر طلبا / عملہ میری / ہماری زبان میں بات کرتے ہیں؟
- کیا میرے بچے کو یہاں اندراج کرانے سے قبل کوئی امتحانات دینا ہونگے یا تفویضات مکمل کرنی ہونگی؟
- کیا اس اسکول میں دو لسانی عملہ موجود ہے جو طلبا کو مڈل یا ہائی اسکول میں درخواست دینے، اور کالج جانے یا ہائی اسکول کے بعد انھیں کیا کرنا ہے کی منصوبہ بندی میں مدد کر سکتا ہے؟

### اسکول کی معلومات

- یہ اسکول میرے گھر سے کتنا دور ہے؟ کیا میرا بچہ اسکول آنے جانے کے لیے اسکول بس کے ذریعے سفر کرنے کے قابل ہو گا؟
- کیا اس اسکول کے پاس موسمِ گرما کے لیے پروگرامز ہیں؟ اگر ایسا ہے، یہ پروگرام کیا پیشکش کرتے ہیں اور انکے اوقات کیا ہیں؟
- کیا اسکول دن کے بعد اضافی تعلیمی پروگراموں کی پیشکش کی جاتی ہے؟ اگر ایسا ہے، انکے اوقات کیا ہیں اور کتنے اخراجات آتے ہیں؟
- اس اسکول میں کتنے طلبا جاتے ہیں؟ کیا اس اسکول کی عمارت کے اندر دیگر اسکول ہیں؟ کیا اس اسکول کے طلبا دیگر اسکولوں کے طلبا کے ساتھ تعامل کرتے ہیں؟
- یہ اسکول کونسے کھانوں کی پیشکش کرتا ہے؟ کیا یونیفارم کی تجویز کی جاتی ہے یا یہ ضروری ہے؟
- کیا یہ اسکول تجرباتی ملازمت (انٹرنشپ) تلاش کرنے، ملازمت کی تقرری، یا دیگر کام کا تجربہ حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے؟
- کیا اس اسکول کے پاس ایڈوانسڈ کلاسیں ہیں؟ کیا یہ کھیلوں، موسیقی، اور / یا دیگر غیر نصابی سرگرمیوں کی پیشکش کرتا ہے؟

### صحت اور معاونتیں

- مجھے ویکسینز / مدافعتی ٹیکوں کے لیے کہاں جانا ہوگا؟ اگر میرے پاس صحتی بیمہ (ہیلتھ انشورنس) نہ بھی ہو کیا آپ مقامات کی ایک فہرست فراہم کر سکتے ہیں؟
- کیا یہ اسکول میرے بچے کی ذہنی اور سماجی - جذباتی صحت کے لیے تقرر کردہ دولسانی (سماجی کارکن کہلانے والے) عملے کے ذریعے مدد کرنے کی پیشکش کرتا ہے؟
- یہ اسکول کس قسم کی خاندانی معاونتی خدمات کی پیشکش کرتا ہے؟
- طرز عمل میں مشکلات کے حامل طلبا کے لیے یہ اسکول کس طرح مدد کرتا ہے؟

### کس طرح رابطہ کیا جا سکتا ہے اور شامل رہا جا سکتا ہے

- اگر میں انگریزی نہیں بول سکتا اس اسکول سے رابطہ کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟
- اسکول کے کونسے لوگ اہم ہیں جن کے بارے میں معلومات رکھنی چاہئیے؟ والدین رابطہ کار کون ہے؟
- والدین / سرپرست اس اسکول میں کس طرح شاملِ عمل رہ سکتے ہیں؟
- میں اس بارے میں کیسے معلومات حاصل کروں گا کہ اسکول میں میرے بچے کی پیشرفت کیسی ہے؟

# طالب علم اور اہل خانہ کے ضروریات کی تکمیل

## معذوری کے حامل طلبا کے لیے

نیویارک شہر کے تمام اسکول انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل طلبا کا خیر مقدم کرتے ہیں اور خدمات فراہم کرتے ہیں۔

- میرے بچے کو ایک معذوری ہے۔ میں کس طرح یقینی بنا سکتا ہوں کہ انہیں صحیح معاونتیں اور خدمات میسر ہو سکیں؟
- میرے مخصوص ضروریات کے حامل بچے کے لیے خدمات اور پروگراموں کی درخواست کرنے کے لیے کیا اقدامات لینے ہونگے؟
- خاص تعلیمی خدمات کے لیے تشخیص کرانے کا کیا طریق کار ہے؟ مجھے اس میں کتنی دیر لگنے کی توقع رکھنی چاہئیے؟
- میرا بچہ کب سے خاص تعلیمی خدمات حاصل کرنا شروع کرے گا؟
- میرے بچے کے پاس اسکے پچھلے اسکول کا ایک IEP ہے؟ نئے امتحانات کا انتظار کرنے کے دوران کیا آپ ویسی ہی خدمات فراہم کریں گے؟
- میرا بچہ پہلے معاونتی ٹیکنالوجی استعمال کرتا تھا، ہم یہاں اسکا دوبارہ انتظام کس طرح کر سکتے ہیں؟

## حرکاتی ضروریات کے حامل طلبا کے لیے

- میں کس طرح معلوم کر سکتا ہوں کہ کیا یہ اسکول حرکاتی ضروریات کے حامل بچوں کے لیے قابل رسائی ہے؟

## عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کے لیے

اگر آپ عارضی رہائش گاہ میں قیام پذیر ہیں، بشمول ایک پناہ گاہ میں، یا اپنے اہلِ و عیال کے علاوہ دیگر افراد کے ساتھ ایک ہی اپارٹمنٹ میں رہ رہے ہیں، آپ فوائد کے اہل ہو سکتے ہیں جیسے کے ایک میٹرو کارڈ۔ خاندانی استقبالیہ مرکز یا آپکا اسکول وضاحت کر سکتا ہے آپ کے حالات کے پیش نظر کونسے فوائد کا اطلاق ہوتا ہے۔

- اگر میں کسی اور خاندان یا دیگر افراد کے ساتھ رہائش پذیر ہوں میں اسکول میں کیسے اندراج کرا سکتا ہوں؟ ہم کونسے فوائد یا تحفظات حاصل کر سکتے ہیں؟
- اگر ہم اس علاقے سے منتقل ہو جائیں یا ہمارے پاس ایک مستقل پتہ نہ ہو تو کیا ہوگا؟
- اگر میرے اور میرے اہل خانہ کے پاس رہنے کی کوئی جگہ نہیں ہے تو میں کہاں سے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟

## ابتدائی تعلیمی پروگرامز اور بچوں کی نگہداشت تلاش کرنے والے خاندانوں کے لیے

- کیا یہ اسکول پری کنڈرگارٹن یا 3-K پروگراموں کی پیشکش کرتا ہے؟ کیا میں مفت یا کم قیمت سال بھر پری کنڈرگارٹن یا 3-K کے ایک توسیعی دن اور پورے سال کے یا ہیڈ اسٹارٹ نشستوں میں اندراج کرانے یا درخواست دینے کا اہل ہوں۔
- کیا یہ پروگرام چھوٹے (0-2 کی عمر کے) بچوں کی نگہداشت اور / یا تعلیمی پروگراموں کی پیشکش کرتا ہے، اور کیا میں مفت یا کم قیمت سال بھر بچوں کی نگہداشت میں اندراج کرانے یا درخواست دینے کی اہلیت رکھتا ہوں؟

## ان طلبا کے لیے جو زائد العمر (14-21 کی عمر کے) ہیں اور کم کریڈٹس رکھتے ہیں

- طلبا کے لیے اس اسکول میں ڈپلومہ اور سندیافتگی کے لیے کیا انتخابات ہیں؟
- کیا یہ اسکول دوپہر یا شام کی کلاسوں کی پیشکش کرتا ہے؟ اگر ایسا ہے، کیا یہ دن کے دوران ہونے والی کلاسوں جیسی ہوتی ہیں؟ اگر طلبا رات کی کلاسیں لیتے ہیں کیا وہ ایک عام ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کر سکتے ہیں؟
- کیا یہ اسکول ان طلبا کو خدمت فراہم کرتا ہے جو اپنی گریڈ کی سطح کی مناسبت سے زائد العمر ہیں؟ کیا آپ مجھے منتقلی اسکولوں کے بارے میں معلومات دے سکتے ہیں اور یہ کہ وہ کس طرح میرے بچے کی مدد کر سکتے ہیں؟
- کیا اس اسکول کے پاس کوئی طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) کے پروگرامز ہیں؟ اگر مجھے ملازمت تلاش کرنے کی ضرورت ہو، یہ اسکول کس طرح میری مدد کر سکتا ہے؟

## ایک مختلف اسکول درکار ہے؟

اگر آپ نے اب تک اندراج نہیں کروایا ہے اور کوئی دوسرا اسکول تلاش کرنا چاہتے ہیں، برائے مہربانی خاندانی استقبالیہ مرکز عملہ کے ساتھ اپنے انتخابات کے بارے میں بات کریں: اسکولوں کے لیے میرے پاس اور کونسے انتخابات ہیں؟ مجھے ایک ایسے اسکول کی ضرورت ہے جو (آپ کے لیے سب سے زیادہ کیا اہم ہے بتائیں)۔